12/04/2026

12:30 /PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلیٹن لیکر مینمسرت شاہ

مذاکرات

امریکہ اور ایران کے درمیان پاکستان کے اسلام آباد میں قریب21گھنٹے تک چلے مذاکرات کسی اتفاق رائے پر پہنچنے کے بغیر ہی ختم ہو گئے ہیں۔ امریکہ کے نائب صدر JDوانس نے بتایا کہ بات چیت سنجیدہ تھی لیکن یہ کسی نتیجے پر نہیں پہنچ سکی۔

انہوننے کہا کہ اصل اختلاف اس بات پر ہے کہ واشنگٹن تہران سے جوہری ہتھیار نہ بنانے اور ایسی صلاحیت حاصل نہ کرنے کی واضح اور طویل مدتی یقین دہانی چاہتا ہے۔ انہوننے مزید کہا کہ امریکہ نے نیک نیتی پر مبنی موقف اختیار کیا مگر ایران نے پیش کر دہ شرائط قبول نہیں کی۔

----JD Vance-----

ان مذاکرات کو کشیدگی کم کرنے اور دونوں ممالک کے درمیان کسی منظم مفاہمت تک پہنچنے کی اہم سفارتی کوشش قرار دیا جارہا تھا۔

مذاکرات کے اس عمل میں ایرانی وفد کی قیادت وہاں کی پارلیمنٹ کے سپیکر محمد باقر قالیباف کر رہے تھے۔ اس دوران امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ ایران کے ساتھ معاہدہ ہونے یا نہ ہونے سے امریکہ کو کوئی فرق نہیں پڑتا۔

منوج سنہا

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ انتظامیہ نے جموں کشمیر کومکمل طور نشہ مکت بنانے کا تہیہ کر رکھا ہے۔ نشہ مکت جمونو کشمیر ابھیان کے سلسلے میں جموں سے 100روزہ مہم کا افتتاح کر تے ہوئے انہوننے کہا کہ اس مہم کی صورت میں بویا گیا بھیج ایک تناور درخت کی شکل اختیار کرے گا اور جمونو کشمیر کو منشیات سے مکمل طور پاک کیاجائے گا۔

اس موقعے پر ایک پد یاترا میں شرکت کر تے ہوئے ایل جی نے کہا کہ اس مقصد کے لئے سماج کے ہر طبقے کو کام کرنا ہو گا ۔ انہوننے کہا کہ جو بھی شخص منشیات کے کاروبار میں ملوث پایا جائے گا۔ اُس کا پاسپورٹ اور آدھار رد کیا جائے گا۔

---Pad yatra-LG---

منشیات مخالف اس مہم اور پد یاترا میں لوگوں کی ایک بڑی تعداد نے شرکت کی اور اسی طرح کی ایک بڑی مہم مئی کے پہلے ہفتے میں سرینگر میں بھی منعقد کی جائے گی۔

مہم

نشہ مکت جموںو کشمیر ابھیان کے تحت جموںو کشمیر کے سبھی اضلاع میں بھی متعلقہ ضلع انتظامیہ اور ضلع پولیس نے الگ الگ پروگراموں کا انعقاد کیا ۔

جنوبی ضلع پلوامہ میں بھی منشیات کے خلاف سو روزہ مہم کا آغاز ہو گیا۔ وہاں ڈپٹی کمشنر بشارت قیوم نے سبھی سیکٹروں کی ایک میٹنگ کی صدارت کر تے ہوئے اگلے100روز تک ابھیان کی موثر عمل آوری یقینی بنانے کے سلسلے میں اقدامات کا جائزہ لیا۔

زینہ پورہ شوکت حسین گنائی اور MLAپہاڑی ضلع شوپیان کے بائز ہائر سکنڈری سکول میں ڈپٹی کمشنر شِشر گپتا کی موجودگی میں100روز پر محیط نشہ مخالف ابھیان کا آغاز کیا گیا۔MLA موصوف نے نشے کے ناسور پر قابو پانے کےلئے ہر شہری کی سماجی ذمہ دار اُجاگر کی۔

یاترا

اور اب پیش ہے سالانہ امر نا تھ جی یاترا سے متعلق یہ خبر۔

-----Music-----

سالانہ شری امر نا تھ جی یاترا کا آغاز اس سال3جولائی سے ہو گا جو57دنوں تک جا ری رہنے کے بعد28اگست کو رکشھا بندھن کے موقعے پر اپنے اختتام کو پہنچے گی۔

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا کے دفتر نے ایک سو شل میڈیا پوسٹ میں جانکاری د ی ہے کہ یاترا2026کےلئے رجسٹریشن کا عمل15اپریل سے آن لائن اور آف لائن شروع ہو گا اور یہ سہولت ملک بھر میں554 بینک شاخوں پر دستیاب کرائی گئی ہے۔

پولیس

جموںو کشمیر پولیس نے جنوبی کشمیر کے تین اضلاع پلوامہ ، شوپیان اور اننت ناگ میں معدنیات کی غیر قانونی کان کنی میں استعمال کی جانے والی 12گاڑیوں کو ضبط کیا ہے۔

بھی شامل ہے اور ان گاڑیوں کو متعلقہ اضلاع کے JCBsپولیس پریس ریلیز کے مطابق ان مینڈو مختلف ندی نالوں سے تعمیراتی میٹریل غیر قانونی طریقے سے نکالنے میں استعمال کیا جارہا تھا۔

دریں اثناءبارہمولہ پولیس نے چوری کے ایک معاملے کو حل کر تے ہوئے ملزم کو گرفتار کر کے چوری شدہ مال کو باز یاب کیا ہے۔ اس سلسلے میں پولیس سٹیشن پٹن کو ایک شکایت ملی تھی جس کے بعد ضروری کارروائی کے دوران چور کی نشاندہی کی گئی اور چرائے گئے گھریلوسامان کو بھی واپس حاصل کیا گیا۔

اننت ناگ

اننت ناگ ضلعے میں قصبہ اننت ناگ، بجبہاڑہ اور مٹن کے ماسٹر پلان2042 کے مسودے کے اہم پہلوؤں پر تبادلہ خیال کی غرض سے ڈپٹی کمشنر ڈاکٹر بلال محی الدین بٹ کی صدارت میں ایک میٹنگ منعقد ہوئی۔

میٹنگ میں ماسٹر پلان کے بارے میں متعلقین کی جانب سے موصول شدہ تجاویز کا جائزہ لیا گیا ۔ ڈپٹی کمشنر نے ان تجاویز میںاُجاگر کئے گئے جائز اندیشوں کو حل کرنے کا یقین دلایا۔

بوپی

کی طرف سے جموںو کشمیر کے Examinations جموںو کشمیر بورڈ آف پروفیشنل انٹرنس کورسوں میں داخلے کا امتحان Bedمختلف سرکاری اداروں میں تعلیمی سال2026-27کےلئے منعقد کیا گیا۔

کالج میں MAMیہ امتحان سرینگر میں گورنمنٹ کالج آف ایجوکیشن اور جموں میں گورنمنٹ منعقد کیا گیا جس میں501 درخواست دہندونمیں سے351طالب علم شامل ہوئے۔

Closing

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خدا حافظ

……………………………….